اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے کسی جانور کو باندھ کر کسی چیز سے مار مار کر قتل کرنے سے منع کیا ہے

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: "اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے کسی جانور کو باندھ کر کسی چیز سے مار مار کر قتل کرنے سے منع کیا ہے"
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں جانوروں بلکہ کسی بھی ذی روح کو قید میں رکھ کر مارنے سے منع کیا گیا ہے اس کے اندر غیر شرعی طریقے سے مار کر تلف کرنا بھی شامل ہے مثال کے طور پر نشانے بناکر تیر اندازی کرنا وغیرہ کیونکہ اس میں جانور کو عذاب دینا، اس کی جان کو تلف کرنا، اس کی مالیت کو ضائع کرنا اور شرعی طور پر ذبح نہ کرنا جیسے مفاسد پائے جاتے ہیں ان مفاسد کے ساتھ ساتھ چونکہ یہ ایک بے سود قتل ہے، اس لیے شریعت نے اس سے منع کیا ہے اور حدیث میں وارد نہی کا صیغہ حرمت کا تقاضا کرتا ہے شریعت اسلامی کا اس طرح انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں اور پرندوں کے ساتھ شفقت اور مہربانی کا برتاو روا رکھنا، اس کی عظمت اور اس کی تعلیمات کی ہمہ گیری کا بین ثبوت ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/64656